**15.07.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. نتیکا تیاگی

**Music**

-------------------------------

☆ بھارت اور برطانیہ کے درمیان جامع اقتصادی تجارتی سمجھوتہ آج سے لاگو ہوگیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ اِس سمجھوتے سے بھارت کے صنعت کاروں، چھوٹے، بہت چھوٹے اور متوسط درجے کے صنعتی اداروں اور کسانوں میں ایک نیا جوش پیدا ہوگا۔

☆ تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ خوردنی تیل، سبزیاں اور ڈیری جیسی اہم مصنوعات اِس سمجھوتے کے تحت پوری طرح محفوظ ہیں۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اور زیادہ بھلائی کیلئے آیوروید میں جدید طورطریقوں کی اہمیت پر زور دیا ہے۔

☆ بھارت نے اقوامِ متحدہ میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ کوئی قدم نہ اٹھانے کی وجہ سے اِس ادارے پر سے عوام کا بھروسہ ختم ہورہا ہے۔

☆ آج اوڈیشہ کیلئے موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

☆ اور عالمی فیفا فٹ بال کپ کے مقابلے میں آج رات Atlanta اسٹیڈیم میں دوسرے سیمی فائنل میں دفاعی چمپئن ارجنٹینا کا سامنا انگلینڈ سے ہوگا۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM-CETA**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ جامع اقتصادی وتجارتی سمجھوتہ CETA اور سوشل سکیورٹی سے متعلق سمجھوتہ، جو آج سے نافذ ہوا ہے، بھارت اور برطانیہ کے درمیان ساجھیداری میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ جناب مودی نے یہ بات کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل کی ایک سوشل میڈیا پوسٹ کو شیئر کرتے ہوئے کہی ہے۔ وزیراعظم نے مزید کہا

کہ CETA سے بھارت کے کسانوں، کاروباریوں اور MSMEs کو کافی فائدہ پہنچے گا، ساتھ ہی کئی فعال شعبوں کو برطانیہ کی مارکیٹ میں زیادہ رسائی حاصل ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس سے ٹیکنالوجی، پیشہ وارانہ خدمات اور جدت طرازی میں اشتراک کو وسعت حاصل ہوگا اور ہنریافتہ بھارتی افراد کی زیادہ آمد ورفت میں مدد ملے گی۔ وزیراعظم نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ بھارت اور برطانیہ مشترکہ خوشحالی کیلئے ایک ساتھ مل کر کام کرتے رہیں گے۔×

**INDIA-UK TRADE**

تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ خوردنی تیل، سبزیاں اور ڈیری جیسی مصنوعات جامع اقتصادی وتجارتی سمجھوتے کے تحت پوری طرح محفوظ ہیں۔ بھارت اور برطانیہ کے درمیان یہ سمجھوتہ نافذ ہونے کی خوشی میں تجارت اور صنعت کی وزارت ملک بھر میں پروگرام منعقد کررہی ہے، جس کے دائرے میں سبھی ریاستیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے آئیں گے۔ غیرملکی تجارت سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل، ہیرے جواہرات کی برآمد کو فروغ دینے سے متعلق کونسل اور کسٹم اتھارٹی اور دوسرے متعلقہ اداروں کے اشتراک سے آج تیسرے پہر کولکاتہ میں نیتاجی سبھاش چندر بوس بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر ایک پروگرام کی شروعات کررہی ہے، جہاں سے برطانیہ کیلئے برآمدی سامان کی کھیپ بھیجی جائے گی۔

اِس سلسلے میں تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے انگریزی کے ایک روزانہ اخبار میں ایک مضمون بھی لکھا ہے۔ اُنہوں نے اِس مضمون میں لکھا ہے کہ یہ جامع اقتصادی وتجارتی سمجھوتہ کاروبار کیلئے منفرد مواقع فراہم کرے گا اور 2047 تک وِکست بھارت کے وزیراعظم نریندر مودی کے نصب العین کو پورا کرنے کی رفتار تیز کرے گا۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ اِس سمجھوتے سے معاشرے کے ہر طبقے کو بااختیار بنایا جاسکے گا اور بھارت کے عوام کی امنگیں اور خواہشات پوری ہوسکیں گی۔×

**INDUSTRY BODY INDIA-UK**

صنعتی اداروں نے بھارت-برطانیہ آزاد تجارتی معاہدے FTA کو بھارت کے آزاد تجارت سے متعلق سفر میں ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا ہے۔ FICCI کے سکریٹری جنرل انت سوروپ نے کہا کہ مذکورہ معاہدہ عالمی ویلیو چینز میں بھارت کی شراکت داری اور اختراع پر مبنی ترقی کو فروغ دینے میں کامیاب اور معاون ثابت ہوگا۔ جناب سوروپ نے بھارت-برطانیہ جامع اقتصادی اور تجارتی معاہدے CETA کے نفاذ پر وزیراعظم نریندر مودی کو مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے بھارتی صنعت کی مقابلہ جاتی صلاحیتوں میں بھی اضافہ ہوگا۔

Assochamکے صدر نرل کمار Minda نے کہا کہ مذکورہ معاہدے کے ذریعہ دنیا کی دو سب سے قدیم جمہوریتیں ساتھ آئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے سے ٹیکسٹائل، چمڑے، بحری اشیاء، جواہرات وزیورات، انجینئرنگ مصنوعات اور کیمیکلز کے شعبوں کو نمایاں فائدہ پہنچے گا۔ بھارت کی تجارت کے فروغ سے متعلق کاؤنسل کے چیئرپرسن موہت Singla نے کہا

کہ مذکورہ معاہدہ بھارتی برآمدکاروں کیلئے مواقع کا ایک نیا باب کھولتا ہے اور اس سے بازار میں اُن کی رسائی میں اضافہ ہوگا۔

**UNION MINISTERS CETA**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آج نافذ ہونے والا بھارت-برطانیہ جامع اقتصادی اور تجارتی معاہدہ CETA، بھارت کی معاشی ترقی اور عالمی شراکت داریوں کو مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ جناب سنگھ نے اُجاگر کیا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت ایسے معاہدے کررہا ہے، جو ملک کی معیشت کو مستحکم کرتے ہیں، عالمی مواقع کو فروغ دیتے ہیں اور وکست بھارت کے ویژن کو آگے بڑھاتے ہیں۔

صارفین کے اُمور کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ بھارت-برطانیہ جامع اقتصادی اور تجارتی معاہدہ CETA، ایک اہم قدم ہے، جو کسانوں اور زرعی شعبہ کا تحفظ کرتے ہوئے ملک کے اقتصادی مفاد کو مستحکم کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مذکورہ معاہدہ بھارت اور برطانیہ کے درمیان اقتصادی روابط کو مستحکم کرنے کی جانب ایک انتہائی اہم قدم ہے۔×

**PREZ AYURVEDA**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار ایک نئی توانائی اور جوش وخروش کے ساتھ یوگ اور آیوروید کو عالمی منظر نامے پر لائی ہے۔ اُنہوں نے یہ بات آج نئی دِلی میں 2026 کے Saushrutam کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر جمہوریہ نے اِس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ آیوروید کی قدیم جراحی کو سائنسی معیارات پر لانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اور زیادہ بھلائی، نیز بہتری کیلئے آیوروید میں جدید طورطریقے اپنانے کی ضرورت ہے۔

**Byte: Droupadi Murmu**

صدرجمہوریہ نے کہا کہ آیوش کی وزارت عالمی صحت تنظیم کے ساتھ مل کر کام کررہی ہے، تاکہ آیوروید کے طریقۂ علاج کو عالمی معیار کا بنانے کے کام کو مستحکم کیا جاسکے۔×

**PUNJAB-PM VISIT**

پنجاب کے جالندھر میں وزیراعظم نریندر مودی کے 17 جولائی کے دورے کے سلسلے میں تیاریاں جاری ہیں۔ اس دورے کے دوران، جالندھر Cantonment ریلوے اسٹیشن کا افتتاح کیا جائے گا اور ملک بھر میں امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت بہتر بنائے گئے دیگر 74 ریلوے اسٹیشنوں کا ورچوئل طریقے سے افتتاح کیا جائے گا۔ وزیراعظم سنت روی داس ایکسپریس کو جھنڈی دکھاکر روانہ بھی کریں گے۔ یہ نئی ریل گاڑی امرتسر کو اترپردیش کے شہر وارانسی سے جوڑے گی۔×

## BRICS LABOUR MEET

برکس ملکوں کے محنت اور روزگار کے وزیروں کی 12 ویں میٹنگ 2026 کی بھارت کی صدارت کے تحت حیدرآباد میں شروع ہوگئی ہے۔ وزیر مملکت شوبھا Karandlaje کے ساتھ مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں سوشل سکیورٹی کو فروغ دینے، کام کرنے والی خواتین کی شراکت داری میں اضافہ کرنے، عالمی ہنرمندی کو بروئے کار لانے اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کے بہتر استعمال پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔×

## BIRLA JAIPUR VISIT

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ قانون سازوں کو بامعنی بحث ومباحثے اور تعمیری تبادلہ خیال کیلئے عزت ملتی ہے، نہ کہ ایوان میں رخنہ اندازی کیلئے۔ Vidhayi Gaurav Yatra کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب برلا نے کہا کہ راجستھان کی جمہوری مذاکرات اور طور طریقوں کی ایک شاندار روایت ہے۔ اس یاترا کا اہتمام راجستھان قانون ساز اسمبلی کے 75 ویں سال کے موقع پر امرت مہوتسو کے ایک حصے کے طور پر کیا گیاہے۔ اسمبلی کو جمہوریت کا ایک اسکول قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومتوں کو عوامی نمائندوں کی نکتہ چینیوں کو توجہ کے ساتھ سننا چاہئے، کیونکہ وہ عوام کی تشویش کی عکاسی کرتے ہیں۔ اچھے کام کاج کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شفافیت اور جواب دہی وقت کا تقاضا ہے۔

S/B Om Birla

## HOME MINISTER NIA COURT

مرکزی وزارتِ داخلہ نے پورے مہاراشٹر کیلئے ایک نئی خصوصی عدالت نامزد کی ہے۔ اِس عدالت میں قومی جانچ ایجنسی، NIA کے قانون کے تحت اور اِس ایجنسی کی طرف سے تفتیش کردہ معاملات کی سماعت کی جائے گی۔ وزارت داخلہ نے بمبئی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور مہاراشٹر سرکار سے صلاح مشورے کے بعد اِس عدالت کا اعلان کیا ہے۔×

## UNSC REFORMS HARISH

بھارت نے خبردار کیا ہے کہ اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل میں اصلاحات نہ ہونے اور عالمی تنازعات پر مؤثر طور پر توجہ نہ دینے کے نتیجے میں اِس عالمی ادارے سے عوام کا اعتماد اُٹھ رہا ہے۔ یہ بات اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے پی-ہریش نے مستقبل کیلئے کثیر پہلو والی حکمت عملی کے موضوع پر وزیروں کی گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

بھارت کے مستقل نمائندے نے کہا کہ سلامتی کونسل موجودہ تنازعات میں بامعنی طریقے پر مداخلت کرنے میں ناکام رہی ہے، جس کی وجہ سے بین الاقوامی امن اور سلامتی برقرار رکھنے کی اُس کی اہلیت کے بارے میں سوالات اُٹھائے جارہے

ہیں۔ جناب پی-ہریش نے کہا کہ 80 سال سے چلا آرہا اقوامِ متحدہ کا موجودہ نظام اور طریقۂ کار آج کے عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ناکافی ہے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے آج اوڈیشہ میں تیز سے بہت تیز بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ شمال مشرقی بھارت کے بعض حصوں، بہار، مغربی بنگال اور اتراکھنڈ میں بھی موسلادھار بارش ہونے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔×

**FIFA WORLD CUP**

فیفا عالمی فٹ بال کپ 2026 میں اسپین، فرانس کو ہراکر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ کَل رات امریکہ کے ٹیکساس کے Dallas اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میں اسپین نے فرانس کو دو-صفر سے ہرا دیا۔ دوسرے سیمی فائنل مقابلے میں آج رات Atlanta اسٹیڈیم میں دفاعی چیمپئن ارجنٹینا کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے بارہ بجے شروع ہوگا۔×

**VP-MPS OATH**

نائب صدر جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین سی-پی-رادھاکرشنن نے ایوانِ بالا کے نئے منتخبہ ممبروں کو حلف دلایا۔ اِن میں کرناٹک سے منصور علی خان اور مدھیہ پردیش سے جنیش کمار اگروال شامل ہیں۔×

**VP-PM KAMRAJ**

نائب صدر جمہوریہ جناب سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج مجاہد آزادی اور سیاستداں K.Kamraj کو اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، نائب صدر جمہوریہ نے اُنہیں بھارتی سیاست کے سب سے بڑے رہنماؤں میں سے ایک بتایا۔ انہوں نے کہا کہ جناب Kamraj سادگی، ایمانداری اور بے لوث عوامی خدمت کی ایک علامت تھے۔×

**TRUMP-TEHRAN WARNING**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ اگر وہ بات چیت کیلئے تیار نہیں ہوتا ہے، تو اگلے ہفتے فوجی حملے تیز کردیئے جائیں گے۔ ایک انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ آنے والے دنوں میں امریکی حملے جاری رہیں گے، جس کے

تحت ایران کے بجلی گھروں اور پلوں کو بھی نشانہ بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایران بات چیت نہیں کرتا، تو امریکہ توانائی کے اہم بنیادی ڈھانچے پر حملے کرے گا۔ جناب ٹرمپ نے مزید کہا کہ مقاصد پورے ہونے تک فوجی کارروائی جاری رہے گی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆